मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
(این اے اے سی سے منظور شدہ 'اے' گریڈ)

ڈاکٹر ایم اے سکندر
رجسٹرار

مسل نمبر: مانو/منتظمہ وبھرتی I (B)/مسل 280/2017-18/424
26/جون 2018

احکامات

موضوع: ساتویں پے کمیشن کی سفارش پر مرکزی سرکاری ملازمین کی تنخواہوں پر نظر ثانی کے بعد مانو میں اساتذہ، افسران وغیر تدریسی عملے کے مشاہرے پر نظر ثانی -بقایاجات کی ادائیگی - احکامات کی اجرائی

حوالہ: 1. نمبر مانو/منتظمہ وبھرتی I- (B)/مسل 280/2017-18/1726 مورخہ 20/فروری 2018
2. نمبر مانو/منتظمہ وبھرتی I- (B)/مسل 280/2017-18/1727 مورخہ 20/فروری 2018
3. نمبر مانو/منتظمہ وبھرتی I- (B)/مسل 280/2017-18/1728 مورخہ 20/فروری 2018
4. نمبر مانو/منتظمہ وبھرتی I- (B)/مسل 280/2017-18/1879 مورخہ 21/مارچ 2018
5. نمبر مانو/منتظمہ وبھرتی I- (B)/مسل 280/2017-18/245 مورخہ 17/مئی 2018

یونیورسٹی نے متذکرہ بالا مکتوبات کے ذریعہ اساتذہ، تدریسی عملہ، ماڈل اسکول اساتذہ، افسران اور غیر تدریسی عملے کے لیے تنخواہ کے ڈھانچے پر نظر ثانی پر عمل آوری کی ہے۔ لہٰذا ماہ فروری 2018 کی تنخواہ یونیورسٹی نے نظر ثانی شدہ اسکیل پر ادا کی۔ یونیورسٹی نے یکم/جنوری 2016 تا 31/دسمبر 2017، بقایاجات کا 70 فیصد یونیورسٹی/کالج اساتذہ اور دیگر تدریسی عملے، یونیورسٹی افسران، غیر تدریسی عملے اور ماڈل اسکولس میں برسرکار اساتذہ کو مصرحہ بالا احکام حوالہ نمبر 4 کے تحت پہلے ہی جاری کردیے ہیں۔

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے اپنے مکتوب F.11/1/2017/(CU) مورخہ 20/جون 2018 کے ذریعہ اب مرکزی جامعات کے غیر تدریسی عملے کے لیے ساتویں پے کمیشن پر عمل آوری کی 30 فیصد اضافی ذمہ داری جامعات پر عائد کرنے سے متعلق وزارت فروغ انسانی وسائل کی منظوری کی اطلاع دی ہے۔ وزارت نے (مکتوب نمبر F.19-62/2017-CU. CDN مورخہ 23/مئی 2018) کے ذریعہ اسی نمبر کے حامل مکتوب کے پیرا 2(IV) میں صراحت کردہ شرط کے حذف کرنے کی اطلاع دی ہے۔

2. بناء بریں، وائس چانسلر کو یکم/جنوری 2016 تا 31/دسمبر 2017، یونیورسٹی اور ملحقہ اداروں میں برسرکار درج ذیل ملازمین کے زمروں کے لیے ماباقی 30 فیصد بقایاجات کی اجرائی کو منظوری دیتے ہوئے مسرت ہے۔

(ا) یونیورسٹی/کالج کے تمام اساتذہ اور دیگر تدریسی عملہ

(ب) یونیورسٹی کے تمام عہدیداران (رجسٹرار، فینانس آفیسر، جوائنٹ رجسٹرار، ڈپٹی رجسٹرار، اسسٹنٹ رجسٹرار اور سی او ای)۔

(ج) یونیورسٹی کا تمام غیر تدریسی عملہ

(سلسلہ صفحہ دو پر)

گچی باؤلی، حیدرآباد - 032 500، ریاست تلنگانہ
ٹیلی فون: 91 040 23006602، فیکس 23006603، ای میل: registrar@manuu.edu.in
www.manuu.ac.in

Scanned by CamScanner

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
(این اے اے سی سے منظور شدہ ''اے'' گریڈ)

(د) تمام تدریسی عملہ (مانو ماڈل اسکولس میں برسرکار پرنسپلس، ہیڈ ماسٹرس، پی جی ٹی/ ٹی جی ٹی، لائبریرینس، پی آرٹی اور متفرق اساتذہ)

3. ساتویں پے کمیشن کے تحت پالی ٹیکنیک اساتذہ کی تنخواہوں پر نظر ثانی کے لیے ارباب مجاز کی منظوری کے بعد علیحدہ احکام جاری کیے جائیں گے۔

4. فینانس آفیسر، حسب ہدایت نظر ثانی شدہ مشاہرے کے بقایا جات جاری کردیں۔

ایم اے سکندر
(ڈاکٹر ایم اے سکندر)
رجسٹرار

نقل برائے

1. فینانس آفیسر (یو جی سی سے موصولہ حکم نامہ مورخہ 20/جون 2018 کے ہمراہ)
2. دفتر وائس چانسلر/ پرو وائس چانسلر/ رجسٹرار
3. ڈائرکٹر سی آئی ٹی، ویب سائٹ پر اپ لوڈ کے لیے
4. ہندی اور اردو آفیسر- ہندی اور اردو ترجمے ویب سائٹ پر اپلوڈ کروانے کے لیے
5. متعلقہ مسل/ دفتری نقل

Scanned by CamScanner